© rasailojaraid.com



# خبر نامہ

ادارہ

## قرآن کا نایاب نسخہ انٹرنیٹ پر:

برٹش نیشنل لائبریری (لندن) نے قرآن حکیم کے ایک بیش قیمت نسخہ کو جو تقریباً سات سو سال قدیم ہے انٹرنیٹ پر جاری کر دیا ہے۔ ڈجیٹل ریکارڈنگ کے ذریعہ یہ نسخہ انٹرنیٹ پر آجانے سے اب دنیا بھر کے لوگ اسے کمپیوٹر کی مدد سے دیکھ سکیں گے نیز اس کی نمایاں خصوصیات پڑھ بھی سکیں گے۔ نیشنل لائبریری نے اس بات کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ قدیم نسخہ مملوک سلطان بیبرس کا صحیفہ قرآن کہلاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ عیسائیت، یہودیت اور بدھ ازم کے تعلق سے بھی صفحات اس ''ٹرننگ دی پیجز'' پروجیکٹ میں پڑھے جا سکتے ہیں۔ اس طرح متعدد اہم مذاہب کی معلومات بھی فراہم ہوتی ہیں۔ یہ کل سات جلدوں میں ہے جس کو کمپیوٹر مانیٹر پر لائبریری یا اس کی ویب سائٹ پر دیکھا جا سکتا ہے اس سے ملحقہ آڈیو کمنٹری (صوتی بیان) کا استعمال کر کے کتاب مقدس کے اہم حصوں کو بھی سنا جا سکتا ہے۔ نیز کسی مخصوص پسندیدہ حصے کو تفصیل سے دیکھا جا سکتا ہے۔ مذکورہ نسخہ ۱۳۰۴ء۔۱۳۰۶ء کی تاریخوں میں عربی رسم الخط میں سنہرے حروف سے مرتب کیا گیا تھا جو مصر کے مملوک سلطان رکن الدین بیبرس جشن گیر کو پیش کیا گیا تھا۔ یہ نسخہ کمپیوٹر پر دیکھنے والوں کو ذیل کے ویب سائٹ پر دستیاب ہے: www.bl.uk/collections/treasures

(سہ روزہ دعوت (نئی دہلی) ۱۶ ستمبر ۲۰۰۲ء)

## قرآن کا سب سے چھوٹا نسخہ:

دنیا میں قرآن مجید کا سب سے چھوٹا نسخہ شمال مغربی چین کے ننگشیا

© rasailojaraid.com